تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 29 2024

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پریکشا پے چرچا۔ دو ہزار چوبیس میں جوش وخروش سے حصہ لیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم میں پریکشا پے چرچا (پی پی سی دو ہزار چوبیس) کا براہ راست نشر دیکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے جس میں عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے طلبا کے ساتھ دباؤ سے آزاد امتحان کے گُر سا جھا کیے۔

کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر اقبال حسین، سینئر عہدیداران، جامعہ اسکول اور یونیورسٹی کے طلبا، تدریسی و غیر تدریسی عملہ نے سرگرمی کے ساتھ پریکشا پے چرچا کا براہ راست نشر دیکھا۔ پروگرام کے دوران عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے کہا کہ اساتذہ اور طلبا کے درمیان رشتہ بہت گہرا اور نصاب سے پرے ہونا چاہیے۔ انھوں نے اس موقع پر دوستی کی اہمیت، صحت، ٹکنالوجی اور امتحانات کی تیاری کے دوران بھرپور نیند جیسے پہلوؤں پر گفتگو کی جو طلبا کے لیے کافی مفید تھی۔ پریکشا پے چرچا دو ہزار چوبیس کا براہ راست نشریہ دیکھنے کے لیے اس کے علاوہ یونیورسٹی کے دیگر شعبہ جات میں بھی انتظامات کیے گئے تھے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی